بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | رجسٹر نمبر 19 | 1 |
| 2 | روزنامچہ کی رپٹ ہائے متعلق منشیات کیس: | 1 |
| 3 | روڈ سرٹیفکیٹ | 2 |
| 4 | ٹائم لائن | 2 |
| 5 | گواہ فرد اور استغاثہ کے سوالات جرح | 3 |
| 6 | مدعی/مستغیث/کمپلینٹ کے سوالات جرح | 9 |
| 7 | تفتیشی افسر سے سوالات جرح | 12 |
| 8 | محرر تھانہ کے سوالات جرح | 16 |
| 9 | ڈیوٹی افسر کے سوالات جرح | 18 |
| 10 | انچارج صدر مال خانہ کے سوالات جرح | 19 |
| 11 | چیک لسٹ منشیات کیس | 20 |

# پیش لفظ

پنجاب پولیس و دیگر قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے افسران و ملازمان کا کام معاشرے میں امن و امان کا قیام اور شر پسند عناصر سے معاشرے کو پاک کرنا ہوتا ہے۔ معاشرے کو درست سمت لے کر چلنے کے لیے قوانین بنائے جاتے ہیں اور بعض دفعہ قانون نافذ کرنے والے ادارے از خود کاروائی کرتے ہوئے ملزمان کو انصاف کے کٹہرے میں لے کر آتے ہیں جیسے منشیات، اسلحہ ناجائز، قمار بازی، کرایہ داری، دہشت گردی وغیرہ۔ ایسے مقدمات کو عدالت ہائے میں ثابت کرنے کے لیے پولیس ملازمان و افسران کو بطور سرکاری گواہ کے پیش ہونا پڑتا ہے۔

پنجاب پولیس و دیگر قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے افسران و ملازمان اگر کسی مقدمہ میں (خاص طور پر منشیات کے مقدمات میں) عدالت ہائے سیشن یا ایڈیشنل سیشن یا مجسٹریٹ کی عدالت میں شہادت کے لیے آتے ہیں تو اکثر ان کو دوران شہادت پوچھے جانے والے سوالات کا اندازہ نہیں ہوتا یا work load کی وجہ سے صحیح طریقے سے اپنی شہادت کی تیاری نہیں کر پاتے یا مقدمہ کے ریکارڈ کو درست طور پر مرتب نہیں کیا ہوتا جس وجہ سے ملزمان اس قسم کے مقدمات میں بری ہو جاتے ہیں اور دوبارہ سے ناسور بن کر انسان دشمنی کا ثبوت دیتے ہوئے معاشرے کے اندر بگاڑ پیدا کرتے ہیں۔ اسی وجہ سے ہمارے معاشرے میں خاص طور پر تعلیمی اداروں میں منشیات کا استعمال دن بدن بڑھتا جا رہا ہے۔ جس وجہ سے قانون نافذ کرنے والے اداروں پر سوال اٹھتا ہے اور ہزیمت اٹھانی پڑتی ہے۔

گواہان سرکار/ پولیس کی نمائندگی پراسیکیوٹر صاحبان کرتے ہیں اور شہادت کے لیے عدالت میں آنے والے گواہان سرکار کی شہادت کی تیاری بھی کرواتے ہیں۔ لیکن work load کی وجہ سے وہ بھی تمام گواہان کو صحیح طریقے سے تیاری نہیں کروا پاتے خاص طور پر منشیات کے مقدمات میں اسی کمی کو دور کرنے کے لیے اور پنجاب پولیس و دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے افسران و ملازمان کی رہنمائی کے لیے ڈی پی او اوکاڑہ منصور امان صاحب کی ہدایت پر ایس پی انویسٹی گیشن ملک داؤد خان کی کاوش سے، ڈی ایس لیگل چوہدری کلیم اللہ کی زیر نگرانی اور سب انسپکٹر رانا ظہور احمد کی معاونت سے کتابچہ ہذا "رہنمائے شہادت" مرتب کیا گیا ہے تاکہ گواہان سرکار/ پولیس اس سے رہنمائی لے کر اچھے طریقے سے عدالت میں اپنا بیان قلمبند کرواسکیں اور جرائم پیشہ عناصر کو قرار واقعی سزا دلوائی جا سکے۔

سب انسپکٹر محمد اکرم نظامی

# رجسٹر نمبر19

منشیات کیس میں مستغیث مقدمہ، تفتیشی افسر اور محرر تھانہ سے رجسٹر نمبر 19 کے بارے کافی سوالات کیے جاتے ہیں اور ریکارڈ عدالت طلب کر کے وکیل صفائی عدالت کے سامنے ریکارڈ چیک کرتا ہے تو اکثر رجسٹر نمبر 19 کے اندراجات میں کافی غلطیاں سامنے آتی ہیں۔ رجسٹر نمبر 19 کی تکمیل محرر تھانہ کی ذمہ داری ہے لہٰذا اسے چاہیے کہ رجسٹر نمبر 19 کی تکمیل درست طور پر کرے۔

1۔ رجسٹر نمبر 19 کی درست خانہ پری کی جائے۔

2۔ تمام PFSA کے پارسلز پارسلز کی تعداد اور وزن رجسٹر نمبر 19 میں درج کی جائے۔

3۔ تمام بقیہ مال مقدمہ کے پارسلز کی تعداد اور وزن رجسٹر نمبر 19 میں درج کی جائے۔

4۔ تمام پارسلز کی روانگی کا اندراج روزنامچہ اور رجسٹر نمبر 19 میں کیا جائے۔

5۔ PFSA کے تمام پارسلز کی تعداد اور وزن کے ساتھ ساتھ وقت، تاریخ روانگی، اور کون لے کر گیا کا اندراج رجسٹر نمبر 19 میں کیا جائے۔

6۔ مال خانہ صدر میں جمع کروائے جانے والے تمام پارسلز کی تعداد اور وزن کے ساتھ ساتھ وقت، تاریخ روانگی، اور کون لے کر گیا کا اندراج رجسٹر نمبر 19 میں کیا جائے۔

7۔ رجسٹر نمبر 19 میں پارسل (مال مقدمہ) وصول کنندہ افسر کا نام لکھا جائے وصول کنندہ کے دستخط لیے جائیں۔

8۔ رجسٹر نمبر 19 میں پارسلز (برائے PFSA اور مال خانہ صدر) کی حوالگی کی رپٹ نمبر کا اندراج کیا جائے۔

# رجسٹر نمبر 2 روزنامچہ کی رپٹ ہائے متعلق منشیات کیس

تھانہ میں تعینات افسران و ملازمان کی روزانہ کی بنیاد پر آمد و روانگی و حاضری کا اندراج روزنامچہ میں کیا جاتا ہے۔ اور پولیس کی طرف سے کی گئی تمام کاروائی کا ذکر بھی ہوتا ہے۔ اسی لیے تمام مقدمات میں ہی خاص طور پر منشیات کے مقدمات میں مستغیث مقدمہ، تفتیشی افسر اور محرر تھانہ سے رجسٹر نمبر 2 روزنامچہ کے بارے کافی سوالات کیے جاتے ہیں اور ریکارڈ عدالت طلب کر کے وکیل صفائی عدالت کے سامنے ریکارڈ چیک کرتا ہے تو اکثر رجسٹر نمبر 2 روزنامچہ کے اندراجات میں کافی غلطیاں سامنے آتی ہیں۔ رجسٹر نمبر 2 روزنامچہ کی تکمیل محرر تھانہ کی ذمہ داری ہے لہٰذا اسے چاہیے کہ رجسٹر کی تکمیل درست طور پر کرے۔

1۔ مدعی/مستغیث اور ملازمان کی گشت یا ناکہ کی روانگی کی رپٹ درج روزنامچہ کی جائے۔

2۔ مدعی/مستغیث اور ملازمان کی گشت یا ناکہ سے واپسی کی رپٹ درج روزنامچہ کی جائے۔

3۔ تفتیشی اور ملازمان کی جائے وقوعہ پر روانگی کی رپٹ درج کی جائے۔

4۔ تفتیشی اور ملازمان کی جائے وقوعہ سے واپسی کی رپٹ درج کی جائے۔

5۔ محرر تھانہ کی تھانہ میں حاضری بمطابق روزنامچہ ضروری ہے۔

6۔ نائب محرر کو مامور کیا گیا ہے تو اس کی ماموری کی رپٹ درج کی جائے۔

7۔ مال مقدمہ اور پارسلز کی حوالگی اور جمع کروانے کی رپٹ ہائے درج روزنامچہ کی جائیں۔

8۔ مدعی/مستغیث/تفتیشی افسر کی PFSA کی روانگی کی رپٹ کا اندراج کیا جائے۔

9۔ مدعی/مستغیث/تفتیشی افسر کی PFSA کی واپسی کی رپٹ درج کی جائے۔

10۔ مدعی/مستغیث/تفتیشی افسر کی مال خانہ صدر کی روانگی کی رپٹ بھی لکھی جائے۔

11۔ مدعی/مستغیث/تفتیشی افسر کی مال خانہ صدر کی واپسی کی رپٹ بھی درج کی جائے

12۔ ملزم کی روانگی کے ساتھ ساتھ مال مقدمہ کی علاقہ مجسٹریٹ کی عدالت میں پیشی کا ذکر بھی رپٹ میں کیا جائے۔

13۔ مال مقدمہ کی علاقہ مجسٹریٹ کی عدالت میں پیشی کے بعد واپسی اور مالخانہ تھانہ میں رکھے جانے کی رپٹ بھی درج روزنامچہ کی جائے۔

# روڈ سرٹیفکیٹ

تھانہ سے جب بھی کوئی مال مقدمہ، رقم یا فائل کہیں بھیجی جاتی ہے تو رجسٹر نمبر 21 کا روڈ سرٹیفکیٹ ہمراہ جاتا ہے جس پر وصول کنندہ اپنی مہر اور دستخط کر کے واپس تھانہ بھیج دیتا ہے جو تھانہ کے ریکارڈ میں وصولی کے ثبوت کے طور پر رکھا جاتا ہے۔ منشیات کے مقدمات میں بھی اس کی بڑی اہمیت ہوتی ہے لہذا روڈ سرٹیفکیٹ کو بھی درست طور پر مرتب کیا جانا اشد ضروری ہے۔

1۔ روڈ سرٹیفکیٹ کے تمام کالمز کی درست خانہ پری کی جائے۔

2۔ روڈ سرٹیفکیٹ پر تاریخ اور وقت درست لکھا جائے اور اسی دن پارسلز جمع کروائے جائیں۔

3۔ PFSA کے روڈ سرٹیفکیٹ میں پارسلز جمع کنندہ کا نام و نمبر اور عہدہ درست لکھا جائے۔

4۔ PFSA کے روڈ سرٹیفکیٹ پر پارسلز وصول کنندہ کی مہر و دستخط ثبت ہونی چاہیے۔

5۔ PFSA کے روڈ سرٹیفکیٹ پر پارسلز وصول کنندہ کی مہر و دستخط کے ساتھ جمع کروانے کی تاریخ اور وقت بھی درج ہو۔

6۔ مال خانہ صدر کے روڈ سرٹیفکیٹ میں پارسلز جمع کنندہ کا نام و نمبر اور عہدہ درست لکھا جائے۔

7۔ مال خانہ صدر کے روڈ سرٹیفکیٹ پر پارسلز وصول کنندہ کی مہر و دستخط ثبت ہونی چاہیے۔

8۔ مال خانہ صدر کے روڈ سرٹیفکیٹ پر پارسلز وصول کنندہ کی مہر و دستخط کے ساتھ جمع کروانے کی تاریخ اور وقت بھی درج ہو۔

9۔ روڈ سرٹیفکیٹ، روزنامچہ اور رجسٹر نمبر 19 میں جمع کنندہ افسر کا نام ایک ہونا چاہیے۔

10۔ روڈ سرٹیفکیٹ، روزنامچہ اور رجسٹر نمبر 19 میں جمع کنندہ افسر کے نام میں اختلاف نہیں ہونا چاہیے۔

11۔ روڈ سرٹیفکیٹ، روزنامچہ اور رجسٹر نمبر 19 میں تاریخ اور وقت ایک ہونا چاہیے۔

## منشیات کیس میں جرح (Cross Examine) میں پوچھے جانے والے عمومی سوالات

فوجداری مقدمات میں سماعت کے دوران عدالت میں پراسیکیوٹر صاحبان بطور سرکاری وکیل کام کرتے ہیں اور مدعی کی طرف سے پیش ہونے والے گواہان کا بیان ریکارڈ کرواتے ہیں جسے سوال ابتدائی ( Chief Examine ) کہتے ہیں جبکہ مجرم کی طرف سے وکیل صفائی عدالت میں پیش ہوتا ہے اور سوال ابتدائی کے بعد جو سوالات گواہان سرکار/پولیس سے کرتا ہے سوالات جرح کہلاتے ہیں۔ منشیات کیس میں مقدمہ اور جرم کی نوعیت کے لحاظ سے سوالات جرح مختلف ہو سکتے ہیں۔ لیکن عمومی طور پر ذیل قسم کے سوالات پوچھے جا سکتے ہیں۔

### ٹائم لائن

گواہان، مستغیث اور تفتیشی افسر سے کسی مقدمہ میں وکیل صفائی کی طرف سے جرح میں وقت اور مدت کے بارے میں ذیل قسم کے سوالات کیے جا سکتے ہیں۔

1۔ آپ تھانہ سے کتنے بجے نکلے؟

2۔ آپ گشت کرتے ہوئے کہاں کہاں گئے؟

3۔ آپ جائے وقوعہ پر کتنے بجے پہنچے؟

4۔ ملزم کتنے بجے موقعہ پر آیا؟

5۔ وقوعہ کتنے بجے کا ہے؟

6۔ استغاثہ کتنے بجے بھجوایا گیا؟

7۔ آپ استغاثہ لے کر کتنے بجے تھانہ پہنچے؟

8۔ FIR کتنے بجے درج ہوئی؟

9۔ تفتیشی کتنے بجے تھانہ سے روانہ ہوا؟

10۔ تفتیشی کتنے بجے موقعہ پر آیا؟

11۔ تفتیشی کتنے بجے موقعہ سے گیا؟

12۔ تفتیشی ٹیم کتنے بجے تھانہ واپس آئی؟

13۔ مستغیث ٹیم کتنے بجے تھانہ واپس آئی؟

14۔ تفتیشی کتنی دیر موقعہ پر رہا؟

15۔ مدعی ٹیم کل کتنا وقت موقعہ پر رہی؟

بطور مستغیث یا IO مزید سوالات متعلق وقت

16۔ آپ PFSA کے لیے کتنے بجے تھانہ سے نکلے؟

17۔ آپ PFSA جاتے ہوئی رستے میں کہیں رکے اور کتنی دیر کے لیے رکے؟

18۔ آپ کو PFSA پہنچنے کے لیے کتنا وقت لگا؟

19۔ آپ PFSA کتنے بجے پہنچے؟

20۔ آپ نے PFSA سیمپل پارسل کتنے بجے جمع کروائے؟

21۔ آپ کتنے بجے PFSA سے تھانہ واپس پہنچے؟

22۔ آپ نے PFSA پارسل جمع کروانے کا بیان کتنے بجے تفتیشی کو ریکارڈ کروایا؟

23۔ آپ مال مقدمہ صدر مالخانہ میں جمع کروانے کے لیے کتنے بجے تھانہ سے نکلے؟

24۔ آپ نے صدر مالخانہ میں مال مقدمہ کتنے بجے جمع کروایا؟

25۔ آپ صدر مالخانہ سے کتنے بجے تھانہ واپس آئے؟

26۔ آپ نے کتنے بجے تفتیشی کو اپنا بیان ریکارڈ کروایا؟

27۔ آپ نے کتنے بجے محرر کا بیان لکھا؟

28۔ آپ نے کتنے بجے انچارج مالخانہ کا بیان لکھا؟

## گواہ فرد اور استغاثہ کے سوالات جرح

گواہان ریکوری/فرد مقبوضگی (وقوعہ کے گواہان) اور استغاثہ کے گواہ سے سوال ابتدائی (Chief Examine) کے بعد کسی مقدمہ میں مقدمہ کی نوعیت کے لحاظ سے وکیل صفائی کی طرف سے جرح (Cross Examine) میں ذیل قسم کے سوالات کیے جاسکتے ہیں۔

1۔ کیا آپ مورخہ۔۔۔۔ کو تھانہ۔۔۔۔۔ میں تعینات تھے؟

2۔ کیا آپ کو یہاں آ کر پتہ چلا کہ آپ کی اس مقدمہ میں شہادت ہے؟

3۔ کیا جب آپ کو تعمیل کنندہ نے بتایا تو آپ کو پتہ چلا کہ آپ کی اس مقدمہ شہادت ہے؟

4۔ کیا مورخہ۔۔۔۔ کو شام۔۔۔۔ بجے پولیس اسٹیشن سے تمہاری روانگی کا مقصد معمول کی گشت تھی اور یہ کسی مخصوص ملزم کی گرفتاری کے لیے نہیں تھی؟

5۔ وقوعہ کس تاریخ کا ہے؟

6۔ آپ کس وقت تھانہ سے نکلے تھے؟

7۔ آپ کس گاڑی پر سوار ہو کر تھانہ سے روانہ ہوئے؟

8۔ اگر سرکاری گاڑی پر تھے تو ڈرائیور کون تھا؟

9۔آپ کس آفیسر کے ساتھ تھانہ سے روانہ ہوئے؟

11۔آپ کے ساتھ اور کون کون تھے؟

12۔وقوعہ کس جگہ کا ہے؟

13۔ملزم کے بارے آپ کو اطلاع کیسے ملی؟

14۔مخبر کون تھا؟

15۔ملزم کا نام آپ کو کیسے پتہ چلا؟

16۔تم کہاں کہاں پٹرولنگ کرتے ہوئے جائے وقوعہ پر پہنچے؟

17۔جائے وقوعہ پر پہنچنے میں آپ کو کتنا وقت لگا؟

18۔جائے وقوعہ پر آپ نے ناکہ لگایا یا گزر رہے تھے؟

19۔وقوعہ سے کتنی دیر پہلے آپ جائے وقوعہ پر پہنچے؟

20۔وقوعہ سے پہلے آپ نے جائے وقوعہ پر کتنے لوگوں کو چیک کیا؟

21۔جائے وقوعہ پر آپ کو کتنی دیر ہو گئی تھی کہ ملزم آیا؟

22۔ملزم کس طرف سے آیا اور واقعہ پیش آیا؟

23۔ملزم کتنی دور سے آپ کو نظر آ گیا تھا؟

24۔وقت رات کا تھا یا دن کا؟

25۔اگر وقت رات کا تھا تو آپ نے ملزم کو کیسے دیکھا؟

26۔آپ کو کیسے پتہ چلا کہ ملزم کے پاس منشیات ہے؟

27۔آپ نے ملزم کو کیسے مشکوک جانا؟

28۔ملزم کو کس نے قابو کیا؟

29۔ملزم کب پکڑا گیا؟

30۔جب ملزم پکڑا گیا تو کیا موقعہ پر کوئی پرائیویٹ شخص وہاں موجود نہیں تھا؟

31۔جائے وقوعہ گنجان آباد جگہ تھی یا غیر آباد؟

32۔جائے وقوعہ کے ارد گرد کیا تھا مشرق مغرب شمال جنوب میں؟

33۔کیا آپ ملزم کو پہلے سے جانتے تھے؟

34۔کیا آپ ملزم کو پہچانتے ہیں؟

35۔ملزم نے کس رنگ اور نوعیت کے کپڑے پہن رکھے تھے؟

36۔ملزم کی کس نے تلاشی لی؟

37۔ملزم سے کیا کیا برآمد ہوا؟

38۔ملزم سے منشیات کے علاوہ کیا برآمد ہوا؟

39۔ملزم نے منشیات کہاں چھپا رکھی تھی؟

40۔اگر شاپر یا بیگ میں تھی تو ملزم نے کس ہاتھ میں شاپر یا بیگ پکڑ رکھا تھا؟

41۔شاپر یا بیگ کا رنگ کیا تھا؟

42۔شاپر یا بیگ میں سے چرس کس حالت میں برآمد ہوئی؟

43۔ چرس یا افیون پر کیا چیز لپٹی ہوئی تھی؟

44۔ چرس یا افیون کس شکل میں تھی؟

45۔آپ کو کیسے پتہ چلا کہ یہ منشیات (چرس،افیون، پاؤڈر، آئس، بھنگ، شراب وغیرہ) ہے؟

46۔وزن کس نے کیا تھا؟

47۔وزن کیسے کیا گیا؟

48۔مستغیث نے کس چیز سے وزن کیا تھا؟

49۔کنڈا کس نوعیت کا تھا؟

50۔کمپیوٹر کنڈا کہاں سے لیا تھا؟

51۔کمپیوٹر کنڈا کا رنگ کیا تھا؟

52۔کتنے کتنے وزن کے کتنے پیکٹ برآمد ہوئے؟

53۔وزن کہاں بیٹھ کر کیا گیا تھا؟

54۔نمونہ چرس ٹکڑے کے کس حصہ سے علیحدہ کیا گیا تھا؟

55۔نمونہ چرس کس چیز سے مدعی نے علیحدہ کیا تھا؟

56۔اگر چاقو سے الگ کیا تھا تو چاقو یا چھری کہاں سے لی تھی؟

57۔مدعی نے منشیات کیسے قبضہ میں لی تھی؟

58۔پارسل تیار کیے تھے یا ویسے ہی رکھ لی تھی؟

59۔پاسل تیار کر کے سیل کیے تھے یا ایسے ہی رکھے تھے؟

60۔مدعی نے پارسل تیار کرتے وقت کون سی مہر استعمال کی تھی؟

61۔مدعی نے کتنے پارسل تیار کیے تھے؟

62۔کتنے پارسل نمونے کے تھے اور کتنے باقی مال مقدمہ کے؟

63۔پاسل کہاں بیٹھ کر تیار کیے گئے تھے؟

64۔کیا آپ نے پارسل پر دستخط کیے تھے؟

65۔نمونے اور بقیہ چرس کا وزن کتنا کتنا تھا؟

66۔مستغیث نے مکمل پارسل تیار کر لیے تھے اور ان پر ہر چیز لکھ دی تھی یا کچھ بقایا تھا؟

67۔فرد مقبوضگی کس نے تیار کی تھی؟

68۔درخواست/استغاثہ کس نے تیار کیا تھا؟

69۔ پہلے فرد تیار کی تھی یا استغاثہ؟

70۔فرد اور استغاثہ کہاں بیٹھ کر تیار کیا گیا تھا؟

71۔فرد ایک ہی دم مکمل تیار کر لی تھی یا کچھ بقایا رہ گیا تھا؟

72۔فرد پر کس کس نے دستخط کیے تھے؟

73۔آپ کس زبان میں دستخط کرتے ہیں؟

74۔آپ نے کس زبان میں دستخط کیے تھے؟
75۔آپ نے فرد پر دستخط کرتے ہوئے پہلے فرد کو پڑھا تھا؟
76۔جب آپ نے فرد پر دستخط کیے تو فرد مکمل تھی یا نامکمل؟
77۔کیا 'الف' سے لے کر 'یے' تک تمام فرد مستغیث نے تیار کی تھی؟
78۔فرد اور پارسل پر مقدمہ نمبر کس نے لکھا؟
79۔کیا مدعی نے استغاثہ پر آپ کے دستخط لیے تھے؟
80۔پولیس کے کاغذات کی تیاری میں کتنا وقت لگا؟
81۔استغاثہ کون تھانہ لے کر گیا؟
82۔استغاثہ کتنے بجے روانہ کیا گیا؟
83۔پولیس کاغذات کی تیاری کے کتنی دیر بعد تفتیشی موقع پر آیا؟
84۔اگر آپ استغاثہ لیکر گئے تھے تو کس چیز پر سوار ہو کر گئے تھے؟
85۔کتنی دیر میں آپ تھانہ پہنچ گئے تھے؟
86۔تھانہ کا جائے وقوعہ سے کتنا فاصلہ ہے؟
87۔جائے وقوعہ تھانہ کی کس جانب ہے؟
88۔تھانہ پہنچ کر آپ نے استغاثہ کس کے حوالے کیا؟
89۔کیا Exh.DD وہ درخواست تھی جو آپ کو مقدمہ کے اندراج کے لیے دی گئی تھی؟
90۔کیا یہ درست ہے کہ جب آپ نے Exh.DA،ASI/D.O کو دیا تو اس نے وقوعہ کا وقت شام۔۔۔ بجے اپنی ہینڈ رائٹنگ میں الفاظ کے ساتھ درج کیا اور بعد ازاں Exh.DD پر پولیس کی کارروائی ریکارڈ کی؟
91۔ایف آئی آر کتنی دیر میں درج ہو گئی تھی؟
92۔محرر یا ڈیوٹی آفیسر نے ایف آئی آر کس کے حوالے کی؟
93۔تفتیشی افسر کے پاس ایف آئی آر کون لے کر گیا تھا؟
94۔آپ FIR کے اندراج کے لیے کتنی دیر تھانہ میں موجود رہے؟
95۔کیا آپ جائے وقوعہ پر واپس آئے کہ تھانہ میں ہی رہ گئے تھے؟
96۔آپ کس کے ساتھ واپس جائے وقوعہ پر آئے؟
97۔تفتیشی افسر کس چیز پر سوار ہو کر موقعہ پر آیا؟
98۔آپ تفتیشی افسر کے ساتھ کتنے بجے تھانہ سے روانہ ہوئے؟
99۔تفتیشی کتنے بجے موقعہ پر آ گیا؟
100۔تفتیشی کے ہمراہ کون کون تھا جو موقعہ پر آیا؟
101۔اس مقدمہ میں تفتیش کتنے بجے شروع ہوئی؟
102۔کیا تفتیشی نے آپ کا بیان قلمبند کیا تھا؟
103۔کیا تفتیشی نے تھانہ میں بیٹھ کر آپ کا بیان تحریر کیا تھا؟
104۔کیا تفتیشی نے آپ کے بیان پر آپ کے دستخط لیے تھے؟

105۔آپ نے جو کچھ بھی I.O کے سامنے بیان کیا اس کے مطابق اس نے بغیر کسی اضافے یا کوتاہی کے آپ کا بیان لفظ بہ لفظ ریکارڈ کیا؟
106۔کیا آپ کبھی اس مقدمہ میں شامل تفتیش ہوئے ہیں؟
107۔تفتیشی نے موقعہ پر پہنچ کر سب سے پہلے کون سا کاغذ تیار کیا تھا؟
108۔ملزم کو کتنے بجے گرفتار کیا گیا تھا؟
109۔ملزم کو کس نے گرفتار کیا تھا؟
110۔ملزم کو ہتھکڑی لگائی گئی تھی کہ نہیں؟
111۔ملزم کی ہتھکڑی کس نے پکڑ رکھی تھی؟
112۔ملزم کو کون تھانہ لے کر گیا تھا مدعی یا تفتیشی؟
113۔تفتیشی افسر کے ساتھ کون ملزم کو لے کر گیا تھا؟
114۔تفتیشی افسر کتنے بجے موقعہ سے گیا؟
115۔آپ کتنی بار اس مقدمے میں شامل تفتیش ہوئے ہیں؟
116۔آپ نے اس مقدمے میں کتنے کاغذات پر دستخط کیے ہیں؟
117۔تفتیشی افسر کتنی دیر موقعہ پر رہا؟
118۔آپ کل کتنا وقت موقعہ پر رہے؟
119۔مدعی ٹیم کتنے بجے تھانہ واپس گئی؟
120۔آپ کس کے ساتھ تھانہ واپس آئے تفتیشی یا مدعی کے ساتھ؟
121۔اگر آپ تفتیشی کے ساتھ تھانہ واپس آئے تھے تو آپ کتنی دیر میں تھانہ واپس پہنچ گئے تھے؟
122۔آپ کتنے بجے تفتیشی افسر کے ساتھ تھانہ پہنچ گئے تھے؟
123۔تفتیشی افسر نے تھانہ پہنچ کر ملزم کس کے حوالے کیا؟
124۔تفتیشی افسر نے ملزم کے علاوہ کیا اور کوئی چیز محرر کے حوالے کی تھی؟
125۔کیا آپ نے اس کیس کے IO کے خلاف اس دلیل کے ساتھ کوئی درخواست جمع کرائی تھی کہ اس کیس میں آپ کا بیان Exh.DC کا درست طریقے سے ریکارڈ نہیں کیا گیا؟
126۔کیا یہ درست ہے کہ آپ نے I.O کو اس کیس کی کوئی تاریخ اور وقت نہیں بتایا اور نہ ہی انہوں نے آپ کے بیان Exh.DC میں درج کیا؟
127۔کیا یہ درست ہے کہ اگر آپ نے اپنے بیان میں وقوعہ کی تاریخ کے ساتھ ساتھ وقوع پذیر ہونے کا وقت بھی بتایا ہوتا تو I.O یقینی طور پر آپ کے بیان Exh.DC میں وہی درج کرتا؟
128۔کیا یہ تجویز کرنا غلط ہے کہ مورخہ۔۔۔کو نہ تو آپ شکایت کنندہ اور دیگر پولیس اہلکاروں کے ساتھ جائے واردات پر موجود تھے اور نہ ہی آپ نے ملزم کو پکڑا۔
129۔کیا یہ کہنا غلط ہے کہ ملزمان کے قبضے سے کچھ برآمد نہیں ہوا۔
130۔کیا یہ کہنا غلط ہے کہ ملزمان پر چرس کی جعلی ریکوری ڈالی گئی۔
131۔کیا یہ کہنا غلط ہے کہ تمام کارروائی جھوٹی اور فرضی ہے اور تھانے میں بیٹھ کر تیار کی گئی۔
132۔کیا یہ تجویز کرنا غلط ہے کہ نہ تو تم وقوعہ کی جگہ پر موجود تھے اور نہ ہی تم ایف آئی آر کے اندراج کی درخواست تھانے میں لے کر گئے تھے۔
133۔کیا یہ تجویز کرنا غلط ہے کہ تم نے جھوٹا بیان کیا ہے۔
134۔جائے وقوعہ کس نوعیت کی جگہ ہے؟ (چوک، بازار، موڑ، جنگل، آبادی، اڈا، بس سٹاپ وغیرہ)

135۔سڑک میں کوئی Curve یا موڑ تھا یا سیدھی سڑک تھی؟

136۔ملزم دور سے آتا ہوا دکھائی دیا یا اچانک؟

137۔تم تو روزنامچہ کے مطابق اس دن چھٹی پر تھے یا کسی اور جگہ ڈیوٹی پر تھے؟

## رقم وٹک کے بارے سوالات جرح

1۔ملزم سے منشیات کے علاوہ بھی کوئی چیز برآمد ہوئی تھی؟

2۔ملزم کی جامہ تلاشی کس نے لی تھی؟

3۔ملزم سے کتنی رقم وٹک برآمد ہوئی تھی؟

4۔رقم وٹک کہاں سے برآمد ہوئی تھی؟

5۔کس جیب سے رقم وٹک نکالی گئی؟

6۔رقم وٹک کے نوٹوں کی تفصیل کیا ہے؟

7۔نوٹ پرانے تھے یا نئے تھے؟

8۔نوٹوں کے نمبر کیا کیا تھے؟

9۔رقم وٹک کے پارسل تیار کیے گئے تھے یا نہیں؟

10۔رقم وٹک کب اور کہاں جمع کروائی گئی؟

11۔کیا یہ درست ہے کہ رقم وٹک کے نوٹوں پر لکھی گئی تاریخ وقوعہ کی تاریخ سے بعد کی ہے؟

12۔کیا یہ کہنا غلط ہے کہ رقم وٹک کی جھوٹی برآمدگی کی گئی ہے؟

## گاڑی یا موٹر سائیکل کے بارے سوالات

1۔ملزم پیدل یا تھا یا کسی چیز پر سوار تھا؟

2۔ملزم کس چیز پر سوار ہو کر جائے وقوعہ پر آیا؟

3۔گاڑی یا موٹر سائیکل کا ماڈل کیا تھا؟

4۔گاڑی یا موٹر سائیکل کا رنگ کیا تھا؟

5۔گاڑی یا موٹر سائیکل کے کس حصے میں منشیات رکھی گئی تھی؟

6۔گاڑی کی کس سیٹ پر ملزم بیٹھا ہوا تھا؟

7۔ملزم کے پاس سے منشیات برآمد ہوئی یا گاڑی کے اندر سے؟

8۔گاڑی کی کس نے تلاشی لی؟

9۔مقدمہ ہذا میں قبضہ میں لی گئی گاڑی کا نمبر کیا تھا؟

10۔مقدمہ ہذا میں قبضہ میں لی گئی گاڑی کا انجن چیسز نمبر کیا ہے؟

## گواہ فرد اور استغاثہ سے گمراہ کرنے والے سوالات جرح (Mislead Questions)

1۔آپ تفتیشی کے ساتھ کتنے بجے تھانہ سے گشت کے لیے روانہ ہوئے؟
2۔مستغیث نے آپ کا بیان کتنے بجے قلمبند کیا؟
3۔تفتیشی افسر نے کہاں بیٹھ کر فرد پر تمہارے دستخط کروائے؟
4۔تفتیشی افسر نے موقعہ پر پہنچ کر سب سے پہلے استغاثہ تیار کیا؟
5۔کمپلینٹ نے جب آپ کا بیان لکھا تو بیان پر دستخط کروائے تھے؟
6۔آپ تفتیشی افسر کے ساتھ کتنے بجے تھانہ واپس آئے؟
7۔تفتیشی افسر جب موقعہ پر آیا تو مستغیث نے پارسل تیار کیے؟
8۔کمپلینٹ نے جب آپ کا بیان ریکارڈ کیا تو وقت کیا تھا؟
9۔IO نے اپنے کمرہ میں بیٹھ کر جب آپ کا بیان ریکارڈ کیا تو آپ نے اپنے بیان پر دستخط کیے تھے؟
10۔مدعی مقدمہ نے ساری کاروائی تھانہ میں بیٹھ کر تیار کی ہے؟
11۔تفتیشی افسر نے جب ملزم کی تلاشی لی تو ملزم کے پاس سے چرس کہاں سے برآمد ہوئی؟
12۔تفتیشی نے جب آپ کے فردمقبوضگی پر دستخط کروائے تو کیا فرد مکمل تھی؟
13۔جب محرر کو آپ نے استغاثہ دیا تو کیا اس نے خود FIR تحریر کی؟
14۔آپ استغاثہ اور پارسل لے کر کتنے بجے تھانہ پہنچے؟
15۔آپ نے تھانہ پہنچ کر استغاثہ اور پارسل کس کے حوالے کیے؟
16۔جب آپ نے ملزم کی تلاشی لی تو کیا برآمد ہوا؟
17۔جب آپ بعد اندراج FIR تھانہ سے واپس آئے تو آپ نے فردمقبوضگی پر دستخط کیے تھے؟

## مدعی/مستغیث/کمپلینٹ سے سوالات جرح

مستغیث مقدمہ سے سوال ابتدائی (Chief Examine) کے بعد کسی مقدمہ میں مقدمہ کی نوعیت کے لحاظ سے وکیل صفائی کی طرف سے جرح (Cross Examine) میں گواہ فردمقبوضگی کے مندرجہ بالا سوالات کے ساتھ ساتھ مزید یہ سوالات بھی کیے جاسکتے ہیں۔

1۔آپ اس وقت کس تھانہ میں تعینات ہیں؟
2۔مورخہ۔۔۔۔۔۔۔کو آپ کہاں تعینات تھے؟
3۔آپ مورخہ۔۔۔۔۔کو کس ڈیوٹی پر تھے؟
4۔آپ معمول کی گشت پر تھے یا کوئی مخصوص ٹارگٹ تھا؟
5۔آپ کے ساتھ کون کون تھے؟
6۔آپ کہاں کہاں گشت کرتے ہوئے جائے وقوعہ پر پہنچے؟
8۔آپ کتنے بجے جائے وقوعہ پر پہنچے؟
9۔آپ کہاں تھے جب آپ کو مخبر نے اطلاع دی؟
10۔ملزم کو کس نے پکڑا تھا؟
11۔ملزم کی تلاشی کس نے لی تھی؟

12۔ملزم کا نام کس طرح پتہ چلا؟
13۔ملزم کس چیز پر سوار تھا؟
14۔ملزم کے پاس سے کہاں سے منشیات برآمد ہوئی؟
15۔کیسے پتہ چلا کہ یہ چرس ہے؟
16۔چرس کے کتنے ٹکڑے تھے؟
17۔چرس کا وزن کس طرح کیا گیا؟
18۔آپ نے پارسل کہاں بیٹھ کر تیار کیے؟
19۔آپ نے کتنے پارسل تیار کیے اور کون سی مہر ثبت کی؟
20۔کیا پارسلز پر گواہان کے دستخط کروائے تھے؟
21۔کیا پارسلز مکمل تیار کر کے رکھ لیے تھے یا کچھ بقایا تھا؟
22۔آپ نے سب سے پہلے کون سا کاغذ تیار کیا تھا؟
23۔آپ نے کتنے بجے استغاثہ بھجوایا تھا؟
24۔تفتیشی افسر کتنے بجے موقعہ پر آ گیا تھا؟
25۔موجودہ واقعہ مذکورہ تفتیش کے آغاز سے کتنی دیر پہلے پیش آیا۔؟
26۔اس مقدمہ میں کتنے بجے تفتیش شروع ہوئی؟
27۔آپ اس مقدمہ میں کتنی بار شامل تفتیش ہوئے؟
28۔آپ اپنی ٹیم کے ہمراہ کتنے بجے تھانہ واپس آئے؟
29۔تفتیشی افسر نے کتنا وقت موقعہ پر گزارا؟
30۔آپ اپنی ٹیم کے ہمراہ کل کتنا وقت موقعہ پر رہے؟
31۔ملزم کو کس نے علاقہ مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا؟
32۔کیا ملزم کے ساتھ مال مقدمہ بھی عدالت میں پیش کیا گیا؟
33۔کیا مال مقدمہ کی پیشی کی بابت روزنامچہ میں تحریر کیا گیا؟
34۔کیا مال مقدمہ کی عدالت سے واپسی اور حوالے محرر کرنے کی بابت رپٹ درج روزنامہ کی گئی؟
35۔مورخہ۔۔۔۔کو محرر تھانہ نے کتنے سیل شدہ پارسل برائے PFSA آپ کے حوالے کیے؟
36۔آپ کتنے بجے PFSA کے لیے تھانہ سے روانہ ہوئے؟
37۔آپ نے کس تاریخ کو PFSA پارسل جمع کروائے؟
38۔آپ PFSA جاتے ہوئے رستے میں کہیں رکے تھے یا نہیں؟
39۔آپ کتنی دیر میں PFSA پہنچ گئے تھے؟
40۔آپ کتنے بجے PFSA سے واپس تھانہ آئے؟
41۔جب آپ مورخہ۔۔۔۔کو مقدمہ ہذا میں شامل تفتیش ہوئے تو آپ کے ساتھ اور کون شامل تفتیش ہوا؟
42۔آپ نے کس تاریخ کو بقیہ مال مقدمہ صدر مالخانہ میں جمع کروایا؟
43۔کیا کیس پراپرٹی کے بارے میں معلومات پولیس اسٹیشن کے رجسٹر نمبر 19 میں درج کی جاتی ہیں؟

44۔کیا آپ نے کیس پراپرٹی کی وصولی کے بارے میں رجسٹر نمبر 19 میں دستخط کیے تھے؟

45۔Exh.DA رجسٹر نمبر 19 کی تصدیق شدہ کاپی ہے جو عدالت میں موجود ہے؟

46۔کیا یہ درست ہے کہ اس مقدمے کی کیس پراپرٹی کی وصولی کے رجسٹر نمبر 19 کے کالم پر دستخط موجود نہیں ہیں۔

47۔گواہان نے کتنے بجے اپنا بیان زیر دفعہ 161 ض ف تحریر کروایا اور گواہان کی طرف سے جو کچھ بھی کہا گیا، I.O نے ان کا بیان ریکارڈ کیا؟

48۔کیا آپ نے اس ورژن کے ساتھ کوئی درخواست جمع نہیں کرائی کہ گواہان کے بیانات درست طریقے سے درج نہیں کیے گئے؟

49۔کیا جب اس کیس کی تفتیش شروع کی گئی تو جائے وقوعہ پر اس کیس کے چار پارسل تیار کئے گئے؟

50۔آپ نے کس وقت تفتیشی کو سیمپل پارسلز کے ساتھ ساتھ باقی کیس پراپرٹی کے پارسلز کے بارے میں اپنا بیان ریکارڈ کروایا؟

51۔کیا آپ نے مورخہ۔۔۔۔۔کو I.O کو کوئی بیان نہیں دیا۔

اس مرحلے پر وکیل دفاع نے استدعا کی ہے کہ گواہ کا مورخہ۔۔۔کا بیان ملزم کو فراہم نہیں کیا گیا ہے، لہٰذا مذکورہ بیان کی نقل ملزم کو مذکورہ گواہ پر جرح کے مقصد سے فراہم کی جائے۔ ADPP نے پوری پولیس فائل کا جائزہ لیا اور بتایا کہ گواہ کا بیان مورخہ۔۔۔۔۔فائل میں موجود نہیں ہے، اس لیے مذکورہ بیان کی کاپی ملزم کو فراہم نہیں کی جاسکتی۔

52۔کیا تجویز کرنا غلط ہے۔کہ نہ تو آپ مورخہ۔۔۔۔۔کو تفتیش میں شامل ہوئے اور نہ ہی آپ نے اس دن I.O کو کوئی بیان دیا؟

53۔آپ نے مورخہ۔۔۔۔۔کو وقوعہ کی جگہ پر کتنے بجے بیان دیا اور جو کچھ آپ نے I.O کو بتایا، اس کے مطابق اس نے اس معاملے میں آپ کا بیان ریکارڈ کیا؟

54۔Exh.DB آپ کا بیان ہے جو I.O نے مورخہ۔۔۔کو اس کیس میں ریکارڈ کیا تھا؟

56۔کیا یہ درست ہے کہ نہ تو آپ نے مورخہ۔۔۔کو دونوں پیکٹوں کے وزن کے بارے میں IO کے سامنے بیان کیا اور نہ ہی اس نے آپ کے بیان Exh.DB میں اسے درج کیا؟

57۔کیا یہ درست ہے کہ نہ ہی آپ نے I.O کے سامنے اپنے بیان Exh.DB میں نمونہ پارسل۔۔۔گرام کی علیحدگی کے بارے میں بتایا اور نہ ہی I.O نے آپ کے بیان Exh.DB میں ایسا ریکارڈ کیا؟

58۔کیا یہ کہنا غلط ہے کہ نہ تو آپ دیگر پولیس اہلکاروں کے ساتھ گشت پر تھے اور نہ ہی آپ نے ملزم کو پکڑا؟

59۔کیا یہ تجویز کرنا غلط ہے کہ نہ تو ملزم کے قبضے سے کوئی چرس برآمد ہوئی اور نہ ہی آپ نے اسے ریکوری میمو کے ذریعے اپنے قبضے میں لیا؟

60۔کیا یہ کہنا غلط ہے کہ تمام کارروائی پولیس اسٹیشن میں بیٹھ کر من گھڑت اور چالبازی سے تیار کی گئی؟

61۔کیا یہ تجویز کرنا غلط ہے کہ پارسل کو تھانے میں بیٹھ کر تیار کیا گیا تھا اور جھوٹے نمونے پنجاب فرانزک سائنس ایجنسی کے دفتر میں جمع کرائے گئے تھے تاکہ ملزم کے خلاف مثبت رپورٹ حاصل کی جاسکے تاکہ اس کے خلاف جھوٹا ثبوت بنایا جاسکے؟

62۔کیا یہ تجویز کرنا غلط ہے کہ آپ نے عدالت میں جھوٹا بیان قلمبند کروایا ہے؟

63۔وقوعہ سے کتنی دیر پہلے تفتیش شروع ہوگئی تھی؟

64۔رقم و ٹکٹ کب اور کہاں جمع کروائی گئی تھی اور کس نے جمع کروائی؟

## مستغیث سے گمراہ کرنے والے سوالات جرح ( Mislead Questions )

1۔تفتیشی افسر نے موقعہ پر پہنچ کر سب سے پہلے فرد مقبوضگی تیار کی؟

2۔آپ تفتیشی افسر کے ساتھ کتنے بجے تھانہ واپس آئے؟

3۔تفتیشی افسر جب موقعہ پر آیا تو آپ نے پارسل تیار کیے؟

4۔تفتیشی افسر نے جب ملزم کی تلاشی لی تو ملزم کے پاس سے چرس کہاں سے برآمد ہوئی؟

5۔جب آپ نے کانسٹیبل۔۔۔کو استغاثہ اور پارسل دیئے تو وہ کس چیز پر سوار ہو کر تھانہ گیا؟

6۔آپ نے مال مقدمہ جس محرر کے حوالے کیا اس کا نام کیا تھا؟

7۔تفتیشی افسر نے جب اس کیس کی تفتیش شروع کی تو اس نے کتنے پارسل تیار کیے؟

8۔تفتیشی جب موقع پر آیا تو پارسل کی تیاری کے بعد آپ نے ایف آئی آر کے اندراج کے لیے درخواست تیار کی اور پھر اس کیس کا ریکوری میمو تیار کیا؟

# تفتیشی افسر سے سوالات جرح

تفتیشی افسر سے سوال ابتدائی (Chief Examine) کے بعد کسی مقدمہ میں مقدمہ کی نوعیت کے لحاظ سے وکیل صفائی کی طرف سے جرح (Cross Examine) میں ذیل قسم کے سوالات کیے جاسکتے ہیں۔

1۔آپ سمن ملنے پر عدالت آئے ہو؟

2۔یہاں عدالت آ کر آپ کو پتہ چلا کہ آپ کی اس مقدمہ میں شہادت ہے؟

3۔اس سے پہلے تمہیں معلوم نہیں تھا کہ اس مقدمہ میں تمہاری کوئی شہادت ہے؟

4۔مورخہ۔۔۔۔کو آپ کہاں موجود تھے جب آپ کو اس وقوعہ کی اطلاع ملی؟

5۔آپ کو اس وقوعہ کی اطلاع کس نے دی؟

6۔آپ کے پاس FIR کون لے آیا؟

7۔آپ کتنے بجے تھانہ سے جائے وقوعہ کے لیے روانہ ہوئے؟

8۔جب آپ تھانہ سے روانہ ہوئے تو آپ کے ساتھ کون کون تھے؟

9۔آپ کس گاڑی پر سوار ہو کر جائے وقوعہ پر گئے؟

10۔آپ کتنی دیر میں جائے وقوعہ پر پہنچے؟

11۔آپ کتنے بجے جائے وقوعہ پر پہنچے؟

12۔جب آپ جائے وقوعہ پر پہنچے تو کون کون وہاں موجود تھے؟

13۔جب تم جائے وقوعہ پر پہنچے تو یہ دن کا وقت تھا یا رات تھی یا دھند تھی؟

14۔آپ نے پہلے گواہوں کے بیانات لکھے یا نقشہ موقع بنایا؟

15۔مستغیث نے کتنے پارسل آپ کے حوالے کیے؟

16۔کتنے کتنے وزن کے پارسل آپ کے حوالے کیے گئے؟

17۔پارسل منشیات کے علاوہ کس چیز کے پارسل آپ کے حوالے کیے گئے؟

18۔پارسلز کے ساتھ کتنی فردات آپ نے وصول کیں؟

19۔فردات میں کس کس چیز کو قبضہ میں لیا گیا تھا؟

20۔گاڑی/موٹر سائیکل کی فرد الگ سے مرتب کی گئی تھی یا ایک ہی فرد میں اس کا ذکر کیا گیا تھا؟

21۔رقم وٹک کی فرد الگ بنائی گئی تھی یا ایک ہی فرد میں ذکر کیا گیا تھا؟

22۔رقم وٹک کے نوٹوں کی تفصیل کیا تھی؟

23۔رقم وٹک کا پارسل آپ نے وصول کیا یا کھلی رقم تھی؟

24۔جب آپ نے مستغیث سے پارسل وصول کیے تو کیا سیل شدہ تھے اور کون سی مہر لگی تھی؟

25۔جب ملزم آپ کی کسٹڈی میں دیا گیا تو اس نے کس طرح کے کپڑے پہنے ہوئے تھے؟

26۔آپ نے ملزم کو اپنی کسٹڈی میں لیتے وقت اس کی تلاشی لی تھی تو کیا برآمد ہوا تھا؟

27۔ملزم نے کس رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے تھے؟

28۔آپ نے مقدمہ ہذا میں کس کس کو شامل تفتیش کیا؟

29۔آپ نے جائے وقوعہ پر کس کس کو شامل تفتیش کیا؟

30۔کیا آپ نے مستغیث کو اس مقدمہ میں جائے وقوعہ پر شامل تفتیش کیا؟
31۔آپ نے بطور تفتیشی افسر ملزم کو باضابطہ طور پر کتنے بجے گرفتار کیا؟
32۔جب آپ نے ملزم کو گرفتار کیا تو کیا اس کی گرفتاری کی بابت کسی کو اطلاع دی تھی؟
33۔جب آپ نے ملزم کی گرفتاری ڈالی تو آپ کے پاس ملزم کو گرفتار کرنے کا کیا ثبوت تھا؟
34۔آپ نے گواہوں کے بیانات کس جگہ بیٹھ کر لکھے؟
35۔کیا آپ نے بیانات پر گواہوں کے دستخط لیے تھے؟
36۔کیا آپ نے گواہوں کے بیانات اپنے قلمی تحریر کیے تھے یا انھوں نے لکھ کر آپ کو دیئے تھے؟
37۔کیا تم نے گواہوں کی نشاندہی پر نقشہ موقعہ نظری بلا سکیل مرتب کیا؟
38۔کیا آپ نے نقشہ موقعہ میں کسی گواہ کے نام کا ذکر کیا ہے؟
39۔آپ نے ملاحظہ موقعہ پہلے کیا تھا یا ملزم کو گرفتار پہلے کیا تھا؟
40۔آپ نے ملاحظہ موقعہ پہلے کیا تھا یا گواہوں کے بیانات پہلے لکھے تھے؟
41۔جب آپ نے نقشہ موقعہ تیار کیا تو آپ نے منشیات کے پارسل اپنی کسٹڈی میں لے لیے تھے؟
42۔جائے وقوعہ کس نوعیت کی جگہ ہے؟ (چوک، بازار، موڑ، جنگل، آبادی، اڈا، بس سٹاپ وغیرہ)
43۔سڑک میں کوئی Curve یا موڑ تھا یا سیدھی سڑک تھی؟
44۔کیا پبلک کے لوگ وہاں موجود تھے؟
45۔آپ نے پرائیویٹ لوگوں کو مقدمہ ہذا میں شامل تفتیش کیوں نہیں کیا؟
46۔کیا آپ ملزم کو پہچانتے ہیں؟ ملزم کا نام کیا ہے؟
47۔آپ نے ملزم کو کہاں سے گرفتار کیا؟
48۔آپ کتنی دیر جائے وقوعہ پر موجود رہے؟
49۔آپ کتنے بجے جائے وقوعہ سے روانہ ہوئے؟
50۔آپ کے ساتھ کون کون واپس آئے؟
51۔آپ کتنے بجے تھانہ واپس آئے؟
52۔کس نے مال مقدمہ محرر کے حوالے کیا؟ (تفتیشی نے یا مستغیث نے)
53۔آپ نے ملزم کس کے حوالے کیا؟
54۔آپ نے ملزم اور پارسل کس محرر کے حوالے کیے؟
55۔آپ نے کتنے پارسل محرر کے حوالے کیے؟
56۔کیا آپ نے اپنی واپسی رپٹ میں پارسلز کی حوالگی کا ذکر کیا تھا؟
57۔کیا آپ نے پارسل حوالگی کی بابت محرر کا بیان قلمبند کیا تھا؟
58۔کیا محرر نے اپنے بیان میں پارسلز کے سربمہر ہونے کا ذکر کیا تھا؟
59۔کیا محرر نے اپنے بیان میں مہر کس نام کی ہے کا ذکر کیا تھا؟
60۔جس دن آپ نے ملزم کو گرفتار کیا تو کیا آپ نے محرر تھانہ کو کوئی درخواست دی تھی؟
61۔آپ نے ملزم کا شناخت سرٹیفکیٹ کس دن اور کہاں بیٹھ کر تیار کیا تھا؟

62۔کیا آپ ملزم کو پہلے سے جانتے ہیں؟

63۔کیا آپ نے ملزم کا بیان ریکارڈ کیا تھا اور کس دن کیا تھا؟

64۔کیا آپ نے ملزم کے حلیہ کا کہیں ذکر کیا؟

65۔تم تو روزنامچہ کے مطابق اس دن چھٹی پر تھے یا کسی اور جگہ ڈیوٹی پر تھے؟

66۔کیا آپ نے مورخہ۔۔۔۔۔کو کسی کو مقدمہ ہذا میں شامل تفتیش کیا تھا؟

67۔کیا آپ نے ملزم کو علاقہ مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا تھا؟

68۔کیا آپ ملزم کے ساتھ مال مقدمہ کے پارسل بھی عدالت میں پیش کرنے کے لیے لے کر گئے تھے؟

69۔کیا آپ نے مال مقدمہ عدالت میں پیش کیا تھا؟

70۔عدالت میں پیش کرنے کے لیے آپ نے مال مقدمہ کس سے وصول کیا تھا؟

71۔آپ نے جس محرر سے مال مقدمہ وصول کیا تھا اس کا نام کیا تھا؟

72۔آپ نے اپنی روانگی میں مال مقدمہ کی بابت روزنامچہ میں ذکر کیا تھا؟

73۔کیا رجسٹر 19 میں مال مقدمہ کی وصولی کا اندراج کیا گیا تھا؟

74۔کیا رجسٹر نمبر 19 میں وصول کنندہ کا نام لکھا گیا ہے؟

75۔پہلی پیشی پر آپ نے ملزم کا ریمانڈ جسمانی لیا تھا یا جوڈیشل؟

76۔کیا آپ نے بعد از پیشی عدالت مال مقدمہ محرر کے حوالے کیا تھا؟

77۔کیا آپ نے اپنی واپسی میں مال مقدمہ کا ذکر روزنامچہ میں کیا تھا؟

78۔اگر ملزم کو مستغیث نے عدالت میں پیش کیا تھا تو کیا مال مقدمہ پیش عدالے کیا تھا؟

79۔کیا آپ نے اس بابت مستغیث کیا بیان قلمبند کیا تھا؟

80۔کیا آپ نے اس محرر کا بیان تحریر کیا تھا؟

81۔کیا پولیس فائل میں مورخہ۔۔۔۔۔کو لکھا گیا بیان موجود ہے دکھائیں؟

اس مرحلے پر وکیل دفاع نے استدعا کی ہے کہ مورخہ۔۔۔۔۔کو ریکارڈ کیا گیا محرر **PW** کا بیان ملزم کو فراہم نہیں کیا گیا، لہٰذا اس بیان کی کاپی ملزم کو فراہم کی جائے۔ماہر پراسیکیوٹر نے فائل کا جائزہ لیا اور بتایا کہ اس **PW** کا کوئی بیان مورخہ۔۔۔۔۔۔فائل پر دستیاب نہیں ہے۔

82۔نمونہ کے پارسل کون PFSA جمع کروانے گیا تھا؟

83۔اگر آپ PFSA گئے ہیں تو کیا آپ نے اپنی روانگی روزنامچہ میں کی تھی؟

84۔آپ نے کتنے پارسل PFSA جمع کروانے کے لیے محرر تھانہ سے وصول کیے تھے؟

85۔آپ نے کتنے کتنے وزن کے پارسل وصول کیے تھے؟

86۔جب آپ نے پارسل محرر سے وصول کیے تو کیا سیل شدہ تھے اور کون سی مہر لگی تھی؟

87۔کیا روڈ سرٹیفکیٹ آپ کے نام جاری ہوا تھا؟

88۔کیا رجسٹر نمبر 19 میں آپ کی وصولی کے دستخط موجود ہیں؟

89۔اگر مستغیث پارسل PFSA جمع کروانے گیا تھا تو کیا آپ نے اس کا بیان قلمبند کیا تھا؟

90۔آپ نے اس دن اور کس کا بیان تحریر کیا تھا؟

91۔بقیہ مال مقدمہ کس نے صدر مال خانہ میں جمع کروایا تھا؟

92۔اگر آپ نے جمع کروایا تھا تو کیا آپ نے اس دن اپنی روانگی روزنامچہ میں اس بات کا ذکر کیا تھا؟

93۔آپ نے جب مال مقدمہ صدر مالخانہ میں جمع کرویا تو اس وقت انچارج مال خانہ کون تھا؟

94۔جب آپ مال خانہ صدر گئے تو اس وقت وہاں کون موجود تھا جس کو آپ نے مال مقدمہ جمع کروایا تھا؟

95۔آپ نے کتنے بجے مال مقدمہ مالخانہ صدر میں جمع کروایا تھا؟

96۔کیا آپ نے محرر مال خانہ کو مقدمہ ہذا میں شامل تفتیش کیا تھا؟

97۔آپ نے محرر مالخانہ صدر کا بیان کہاں بیٹھ کر تحریر کیا تھا؟

98۔کیا آپ نے کسی اور کو بھی اس دن مقدمہ ہذا میں شامل تفتیش کیا تھا؟

99۔کیا مورخہ۔۔۔۔۔کو مقدمہ ہذا میں محرر تھانہ کا بیان تحریر کیا تھا؟

100۔اگر مال مقدمہ مستغیث نے مال مقدمہ جمع کروایا تھا تو کیا آپ نے اس بابت اس کا بیان ریکارڈ کیا تھا؟

101۔رقم و ٹنگ کب اور کہاں جمع کروائی گئی تھی اور کس نے جمع کروائی تھی؟

102۔کیا آپ نے رقم و ٹنگ جمع کروانے کی بابت محرر اور مستغیث کا بیان ریکارڈ کیا تھا؟

اس مرحلے پر وکیل دفاع نے استدعا کی ہے کہ مورخہ۔۔۔۔۔کو ریکارڈ کیا گیا محرر PW کا بیان ملزم کو فراہم نہیں کیا گیا، لہٰذا اس بیان کی کاپی ملزم کو فراہم کی جائے۔ پراسیکیوٹر نے فائل کا جائزہ لیا اور بتایا کہ اس PW کا کوئی بیان مورخہ۔۔۔۔۔۔فائل پر دستیاب نہیں ہے۔

103۔کیا آپ نے تمام گوہان کے بیانات درست طور پر ریکارڈ کیے تھے؟

104۔کیا یہ درست ہے کہ نمونہ پارسلز کی حوالگی کی بابت آپ نے محرر تھانہ کا بیان درست طور تحریر نہ کیا ہے؟

105۔کیا یہ درست ہے کہ جب بھی سیمپل پارسل اور کیس پراپرٹی عدالت میں پیش کی جاتی ہے، عدالت میں پیشی کے بعد تھانے کے روزنامچہ میں کیس پراپرٹی کو تھانے میں واپس جمع کروانے کا ذکر کیا جاتا ہے؟

106۔کیا یہ درست ہے کہ مورخہ۔۔۔۔کو آپ نے عدالت میں پیش کرنے کے بعد کوئی نمونہ پارسل اور باقی کیس پراپرٹی کے پارسل محرر یا نائب محرر کے حوالے نہیں کیے تھے؟

107۔کیا یہ درست ہے کہ PFSA ساہیوال کے دفتر میں سیمپل پارسل جمع کرانے کے لیے مستغیث مقدمہ کی روانگی تک آپ نے مورخہ۔۔۔۔۔۔کے بعد کوئی نمونہ پارسل اور باقی کیس پراپرٹی کے پارسل محرر کے حوالے نہیں کیے اور یہی حال تھا جوڈیشل مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کرنے کے بعد؟

108۔کیا یہ درست ہے کہ جب مقدمہ ایف آئی آر نمبر۔۔۔تھانہ۔۔۔میں مورخہ۔۔۔کو رات۔۔۔بجے پر درج کیا گیا تھا تو آپ تھانہ کے اندر موجود نہیں تھے۔

109۔کیا یہ درست ہے کہ جب آپ موجودہ کیس کی تفتیش کے بعد مورخہ۔۔کو بجے۔۔۔تھانہ میں واپس آئے تو محرر تھانہ کے اندر موجود نہیں تھا بلکہ وہ تھانے سے باہر تھا؟

110۔کیا یہ درست ہے کہ Exh.DA کے بیان کے مطابق نہ تو باقی کیس پراپرٹی کے پارسل آپ کے حوالے کیے گئے اور نہ ہی آپ نے باقی کیس پراپرٹی کے پارسل مین ملکانہ میں جمع کرائے ہیں۔ Exh.DA کے مطابق باقی کیس پراپرٹی کے پارسل مستغیث مقدمہ نے مین مالخانہ کے محرر کے حوالے کردیئے؟

111۔کیا یہ تجویز کرنا غلط ہے کہ نہ آپ نے جائے واردات کا دورہ کیا اور نہ ہی شکایت کنندہ نے مقدمہ کی کیس پراپرٹی سمیت ملزم آپ کے حوالے کیا۔

112۔کیا یہ تجویز کرنا غلط ہے کہ نہ آپ نے کیس پراپرٹی محرر کے حوالے کی اور نہ ہی آپ نے PWs کا بیان ریکارڈ کیا۔

113۔کیا یہ کہنا غلط ہے کہ تھانے میں بیٹھ کر اس کیس کی تفتیش کی گئی تھی۔

114۔کیا یہ تجویز کرنا غلط ہے کہ ملزم کو اس کیس میں جھوٹا پھنسانے کے لیے آپ کی طرف سے غیر ایماندارانہ تفتیش کی گئی۔

## تفتیشی افسر سے گمراہ کرنے والے سوالات (Mislead Questions)

1۔جب آپ جائے وقوعہ پر پہنچے تو سب سے پہلے آپ نے فرد مقبوضگی مرتب کی؟

2۔جب آپ نے فرد پر گواہان کے دستخط کروائے تو کیا فرد مکمل تھی؟

3۔PFSA میں نمونہ کے پارسل آپ نے مورخہ۔۔۔کو کتنے بجے جمع کروائے تھے؟

4۔مال خانہ صدر میں جب مستغیث نے مال مقدمہ کے پارسل جمع کروائے تو کیا آپ نے اس کا بیان تحریر کیا تھا؟

5۔جب آپ نے ملزم کو علاقہ مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا تو ساتھ مال مقدمہ بھی پیش کیا تھا؟

6۔کیا جب آپ موقعہ پر پہنچے تو مستغیث نے مسل مقدمہ مکمل کر لی تھی؟

7۔مستغیث مقدمہ کی ٹیم کے ہمراہ آپ کتنے بجے تھانہ واپس آئے؟

8۔کیا آپ اس وقت تھانہ میں موجود تھے جب کانسٹیبل آپ کے پاس FIR اور مال مقدمہ لے کر آیا؟

9۔جب آپ موقعہ پر آئے تو مستغیث نے پارسل تیار کر کے آپ کے حوالے کیے؟

10۔آپ نے جب ملزم کی تلاشی لی تو ملزم کے پاس سے چرس کہاں سے برآمد ہوئی؟

11۔جب آپ موقعہ پر گئے تو کیا مستغیث مقدمہ نے سب سے پہلے استغاثہ تیار کر کے آپ کے حوالے کیا؟

12۔کیا آپ نے گواہان کے بیانات 161 ض ف تھانہ میں بیٹھ کر لکھے تھے؟

## محرر تھانہ سے سوالات جرح

محرر تھانہ سے سوال ابتدائی (Chief Examine) کے بعد کسی مقدمہ میں مقدمہ کی نوعیت کے لحاظ سے وکیل صفائی کی طرف سے جرح (Cross Examine) میں ذیل قسم کے سوالات کیے جاسکتے ہیں۔

1۔تم سمن ملنے پر عدالت آئے ہو؟

2۔کیا جب تم کورٹ پہنچے تو تمہیں پتہ چلا کہ تمہاری شہادت ہے؟ یہاں عدالت آ کر تمہیں پتہ چلا کہ تمہاری اس مقدمہ میں شہادت ہے؟

3۔اس سے پہلے تمہیں معلوم نہیں تھا کہ اس مقدمہ میں تمہاری کوئی شہادت ہے؟

4۔تم اس مقدمہ میں کتنی بار شامل تفتیش ہوئے ہو؟

5۔کیا آپ مورخہ۔۔۔۔۔کو پولیس سٹیشن۔۔۔۔۔میں بطور محرر تعینات تھے؟

6۔کیا تھانہ میں جو بھی کام ہوتا ہے لکھ پڑھ کے ہوتا ہے؟

7۔جب آپ تھانہ سے باہر جاتے ہیں تو اپنی جگہ اپنے کسی نائب کی روزنامچہ میں ماموری کر کے جاتے ہیں؟

8۔جب آپ واپس آتے ہیں تو اپنی واپسی کر کے اپنی سیٹ سنبھال لیتے ہیں؟

9۔روزنامچہ میں آپ کی واپسی کہیں ہوئی ہے تو مجھے دیکھا دیں؟

10۔کیا اسی دن I.O نے منشیات کے سیل شدہ پارسل آپ کے حوالے کیے؟

11۔مورخہ۔۔۔۔۔کو IO نے آپ کے حوالے کوئی پارسل کیے؟

12۔IO نے آپ کو مال خانہ تھانہ میں رکھنے کے لیے کتنے پارسل دیئے اور کتنے کتنے وزن کے؟

13۔مورخہ۔۔۔۔کو آپ کے حوالے جو پارسل کیے گئے تھے اس پر کون سی مہر لگی تھی؟

14۔کیا تفتیشی آفیسر نے آپ کا بیان زیر دفعہ 161 ض ف درج کیا؟

15۔آپ کے بیان 161 ض ف میں مہر کا ذکر کیا گیا ہے کہ نہیں؟

16۔یہ آپ کا بیان ہے جو آپ نے تفتیشی افسر کو ریکارڈ کرایا تھا اس میں کہاں مہر کا ذکر ہے؟

17۔مورخہ۔۔۔کو آپ نے علاقہ مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کرنے کے لیے ملزم کے ساتھ مال مقدمہ کس کے حوالے کیا تھا؟

18۔کیا مال مقدمہ کی پیشی کی بابت آپ نے روزنامچہ تھانہ میں اندراج کیا تھا؟

19۔یہ اس تاریخ کا روزنامچہ ہے اس میں دکھائیں کہ مال مقدمہ کی پیشی کا کہاں ذکر کیا گیا ہے؟

20۔کیا آپ نے مال مقدمہ کی پیشی کی بابت رجسٹر نمبر 19 میں اندراج کیا تھا؟

21۔کیا آپ نے جس افسر کے حوالے مال مقدمہ کیا تھا اس کے دستخط رجسٹر نمبر 19 پر لیے تھے؟
22۔کیا ہر کیس میں شناختی سرٹیفکیٹ ہر صورت میں جاری کیا جاتا ہے؟
23۔کیا ملزم کے شناختی سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست IO نے تیار کی تھی؟
24۔تفتیشی نے کس تاریخ کو اور کتنے بجے آپ کو ملزم کے شناختی سرٹیفکیٹ کے اجراء کے لیے درخواست جمع کرائی؟
25۔کیا آپ نے مذکورہ شناخت سرٹیفکیٹ پر رپورٹ شامل کی تھی؟
26۔کیا آپ نے مذکورہ شناخت سرٹیفکیٹ پر اپنی ہینڈ رائٹنگ میں رپورٹ تیار کی؟
27۔کیا ملزم اس وقت تھانہ کے لاک اپ میں بند تھا جب شناخت سرٹیفکیٹ آپ کو دیا گیا؟
28۔کیا Exh.DB درخواست تھی جو اس کیس میں جمع کرائی گئی تھی؟
29۔کیا اس درخواست شناخت سرٹیفکیٹ پر محرر کی رپورٹ کی گئی ہے؟
30۔کیا آپ نے اس کیس کے I.O کے خلاف اس دلیل کے ساتھ کوئی درخواست جمع کرائی کہ میرا بیان درست طریقے سے ریکارڈ نہیں کیا گیا؟
31۔کیا آپ کو پولیس سٹیشن میں پارسل مہر بند اور اسٹامپ کے ساتھ ملتے ہیں؟
32۔کیا آپ نے اپنے بیان میں درج کرایا کہ مجھے متعلقہ مہر کے ساتھ مہر بند پارسل موصول ہوئے ہیں؟
33۔کیا Exh.DC آپ کا بیان ہے جو I.O کی طرف سے لفظی طور پر ریکارڈ کیا گیا تھا؟
34۔کیا کیس پراپرٹی بھی اسی دن آپ کے حوالے کی گئی؟
35۔کیا کیس پراپرٹی کا اندراج رجسٹر نمبر 19 میں کیا گیا؟
36۔کیا رجسٹر نمبر 19 میں پارسل ہائے کی تفصیل درج کی گئی تھی؟
37۔کیا اس حقیقت کا آپ کے بیان Exh.DC میں ذکر نہیں کیا گیا تھا؟
38۔کس نے ملزم کو پیش عدالت کرنے کے لیے آپ سے اپنی تحویل میں لیا؟
39۔کیا ملزم کے ساتھ کیس پراپرٹی کو بھی مجسٹریٹ کی عدالت میں پیش کیا گیا؟
40۔کیا آپ نے مال مقدمہ حوالگی کے وقت افسر وصول کنندہ کے دستخط لیے تھے؟
41۔کیا آپ نے پاسل ہائے کی حوالگی کا وقت اور تاریخ رجسٹر نمبر 19 پر درج کی تھی؟
42۔کیا افسر وصول کنندہ کا نام اور عہدہ درج کیا تھا؟
43۔کیا رپٹ نمبر روزنامچہ حوالگی کا ذکر رجسٹر نمبر 19 میں موجود ہے؟
44۔کیس پراپرٹی عدالت میں پیش کرنے کے بعد کتنے بجے آپ کو واپس جمع کروائی گئی؟
45۔تفتیشی یا مستغیث نے کتنے بجے اور کس تاریخ کو ملزم اور کیس پراپرٹی کو آپ سے تحویل میں لے لیا۔مجسٹریٹ کی عدالت میں پیشی کے لیے؟
46۔کیا تفتیشی نے کیس پراپرٹی کی عدالت میں پیشی کے دن آپ کا بیان تحریر کیا؟

اس مرحلے پر وکیل دفاع نے استدعا کی ہے کہ مورخہ۔۔۔کو ریکارڈ کیا گیا محرر PW کا بیان ملزم کو فراہم نہیں کیا گیا، لہٰذا اس بیان کی کاپی ملزم کو فراہم کی جائے۔ پراسیکیوٹر نے فائل کا جائزہ لیا اور بتایا کہ اس PW کا کوئی بیان مورخہ۔۔۔۔فائل پر دستیاب نہیں ہے۔

47۔کیا یہ تجویز کرنا غلط ہے کہ نہ تو آپ نے اس کیس کی تفتیش میں حصہ لیا اور نہ ہی زیر دفعہ 161 ض ف میں کوئی بیان دیا؟
48۔کیا یہ درست ہے کہ جو پارسل آپ کے حوالے کیے گئے تھے ان کو سربمہر نہیں کیا گیا تھا اور اسی طرح ان پارسلوں پر 'کوئی' مہر نہیں لگی تھی؟
49۔کیا یہ درست ہے کہ ایس آئی کی طرف سے مجسٹریٹ کی عدالت میں پیشی کے بعد کوئی کیس پراپرٹی آپ کے حوالے نہیں کی گئی؟
50۔کیا یہ کہنا غلط ہے کہ I.O نے آپ کو تھانے کے مال خانہ میں رکھنے کے لیے کوئی پارسل نہیں دیا تھا؟

51۔کیا یہ تجویز کرنا غلط ہے کہ آپ نے PFSA کے دفتر میں جمع کرانے کے لیے کوئی نمونہ پارسل حوالے نہیں کیا؟

52۔کیا یہ کہنا غلط ہے کہ تھانے میں بیٹھ کر جعلی اور فرضی پارسل تیار کیے گئے؟

53۔کیا یہ تجویز کرنا غلط ہے کہ جعلی اور فرضی پارسل PFSA کو بھیجا گیا تھا تا کہ ملزم کے خلاف جھوٹی رپورٹ حاصل کی جا سکے؟

54۔کیا یہ تجویز کرنا غلط ہے کہ آپ نے شکایت کنندہ اور I.O کے کہنے پر جھوٹا بیان دیا ہے۔

## محرر سے گمراہ کرنے والے سوالات جرح (Mislead Questions)

1۔مورخہ۔۔کو مستغیث مقدمہ نے آپ کو مال خانہ تھانہ میں رکھنے کے لیے کتنے پارسل دیئے اور کتنے کتنے وزن کے؟

2۔وقوعہ کے روز مستغیث مقدمہ نے کس وقت پارسلز آپ کے حوالے کیے تھے؟

3۔ملزم کی عدالت میں پیشی کے وقت آپ نے کتنے پارسل تفتیشی افسر کے حوالے کیے تھے؟

4۔آپ نے PFSA میں جمع کروانے کے لیے کس وقت اور کتنے نمونہ پارسلز مدعی مقدمہ کے حوالے کیے تھے؟

5۔آپ نے PFSA میں جمع کروانے کے لیے کس وقت اور کتنے نمونہ پارسلز تفتیشی افسر کے حوالے کیے تھے؟

6۔مورخہ۔۔۔کو آپ نے مال مقدمہ مال خانہ صدر میں جمع کروانے کے لیے کس وقت تفتیشی افسر کے حوالے کیا تھا؟

7۔مورخہ۔۔۔کو آپ نے مال مقدمہ مال خانہ صدر میں جمع کروانے کے لیے کس وقت تفتیشی افسر کے حوالے کیا تھا؟

8۔مورخہ۔۔۔۔کو کس وقت انچارج مالخانہ آپ کے ساتھ شامل تفتیش ہوا تھا؟

## ڈیوٹی افسر سے سوالات جرح

ڈیوٹی افسر سے سوال ابتدائی (Chief Examine) کے بعد کسی مقدمہ میں مقدمہ کی نوعیت کے لحاظ سے وکیل صفائی کی طرف سے جرح (Cross Examine) میں ذیل قسم کے سوالات کیے جا سکتے ہیں۔

1۔مورخہ۔۔۔کو آپ کہاں تعینات تھے؟

2۔کیا آپ کو یہاں عدالت آ کر پتہ چلا کہ اس مقدمہ میں آپ کی شہادت ہے؟

3۔کیا اس دن آپ کو ایف آئی آر کے اندراج کے لیے SI کی طرف سے بھیجی گئی کوئی درخواست موصول ہوئی؟

4۔آپ کے پاس درخواست کون لے کر آیا تھا؟

5۔آپ کے پاس اصل استغاثہ موصول ہوا، کاربن کاپی یا دونوں؟

6۔آپ نے بعد اندراج مقدمہ درخواست استغاثہ پر اپنی کوئی رپورٹ شامل کی؟

7۔آپ نے کاربن کاپی پر اپنی رپورٹ کیوں نہیں لکھی جبکہ اصل درخواست پر لکھی گئی ہے؟

8۔کیا آپ نے اندراج FIR کی بابت روزنامچہ تھانہ میں کوئی رپٹ درج کی تھی؟

9۔کیا آپ نے حرف بحرف درخواست کا اندراج رجسٹر FIR میں کیا تھا؟

10۔کیا آپ نے خود باضابطہ FIR کا اندراج کیا تھا؟

11۔کیا ڈیوٹی افسر ایف آئی آر کے اندراج کے بعد اس پر اپنے دستخط کرتا ہے؟

12۔اگر ڈیٹا انٹری آپریٹر کے ذریعے FIR کا اندراج کیا تھا تو کیا اس نے حرف بحرف تحریر کیا تھا؟

13۔کیا یہ درست ہے کہ Exh.PA ایف آئی آر پر دن یا رات (یعنی AM یا PM) کی موجودگی کا کوئی ذکر نہیں ہے؟

14۔کیا یہ درست ہے کہ ایف آئی آر کے اندراج کے وقت تک آپ کو دن یا رات یعنی 10:20 کے وقت کے بارے میں کوئی اطلاع نہیں تھی؟

15۔کیا یہ درست ہے کہ Exh.PA ایف آئی آر پر آپ کے دستخط موجود نہیں ہیں؟

16۔کیا یہ درست ہے کہ آپ مورخہ۔۔۔مقدمہ ہذا کے اندراج کے دن تھانہ میں موجود نہ تھے؟

17۔آپ کو تفتیشی افسر نے اس مقدمہ میں ایف آئی آر کے اندراج کے لیے درخواست کس وقت دی تھی؟

18۔آپ کو مستغیث نے اس مقدمہ میں ایف آئی آر کے اندراج کے لیے درخواست کس وقت دی تھی؟

# انچارج صدر مال خانہ سے سوالات جرح

انچارج مین مال خانہ صدر سے سوال ابتدائی (Chief Examine) کے بعد کسی مقدمہ میں مقدمہ کی نوعیت کے لحاظ سے وکیل صفائی کی طرف سے جرح (Cross Examine) میں ذیل قسم کے سوالات کیے جاسکتے ہیں۔

1۔تم سمن ملنے پر عدالت آئے ہو؟

2۔کیا جب تم کورٹ پہنچے تو تمہیں پتہ چلا کہ تمہاری شہادت ہے؟ یہاں عدالت آکر تمہیں پتہ چلا کہ تمہاری اس مقدمہ میں شہادت ہے؟

3۔اس سے پہلے تمہیں معلوم نہیں تھا کہ اس مقدمہ میں تمہاری کوئی شہادت ہے؟

4۔کیا کیس پراپرٹیز روڈ سرٹیفکیٹ کے ذریعے روانہ کیے جاتے ہیں؟

5۔تھانہ اے ڈویژن اور مین مال خانہ صدر کے درمیان کتنا فاصلہ ہے اور تھانہ اے ڈویژن سے مال خانہ صدر تک پہنچنے میں کتنا وقت لگتا ہے؟

6۔تفتیشی فسر/مستغیث نے کتنے بجے مال مقدمہ مال خانہ صدر میں جمع کروایا؟

7۔کیا آپ کو بقیہ کیس پراپرٹی کے سیل شدہ پارسل موصول ہوتے ہیں؟

8۔کیا اس مقدمہ میں بھی سیل شدہ پارسل موصول ہوئے تھے؟

9۔کیا تفتیشی افسر نے آپ کا بیان درست طور پر قلمبند کیا تھا؟

10۔کیا آپ کے بیان Exh.DA کے مطابق، کیس FIR نمبر۔۔۔۔۔ سے متعلق باقی کیس پراپرٹی کے پارسلز کا ذکر نہیں کیا گیا ہے؟

11۔کیا یہ تجویز کرنا غلط ہے کہ کیس پراپرٹی جو آپ کے حوالے کی گئی تھی اسے سیل نہیں کیا گیا تھا اور اس پر۔۔۔کی مہر بھی نہیں تھی؟

اس مرحلے پر **Exh.DA** گواہ کا بیان اس کو دکھایا گیا جس میں یہ ذکر نہیں کیا گیا ہے کہ باقی کیس پراپرٹی کے پارسلز کو سیل کیا گیا تھا'۔۔۔۔' کی مہر لگی ہوئی تھی۔

12۔کیا جب بھی کیس پراپرٹی کے پارسل آپ کو موصول ہوتے ہیں آپ روڈ سرٹیفکیٹ پر مالخانہ کی مہر کے ساتھ اپنے دستخطوں کی توثیق کرتے ہیں؟

13۔کیا موجودہ کیس میں بھی یہی موقف تھا۔Exh.DA وہ روڈ سرٹیفکیٹ ہے جو آج محرر نے تھانہ سے عدالت میں پیش کیا اور Exh.DA کے تمام اندراجات بالکل درست ہیں؟

14۔کیا یہ درست ہے کہ Exh.DA پر انچارج مالخانہ کے بقیہ کیس پراپرٹی کی وصولی کے بارے میں مالخانہ کی کوئی مہر نہیں ہے اور اسی طرح Exh.DA بھی مین مالخانہ میں بقیہ کیس پراپرٹی کے وصول کنندہ کے طور پر انچارج مالخانہ کے دستخط نہیں رکھتا ہے؟

15۔کیا یہ درست ہے کہ مین مال خانہ صدر میں باقی کیس پراپرٹی کی وصولی کے لیے الگ رجسٹر رکھا گیا ہے؟

16۔کیا رجسٹر مال خانہ صدر میں درج اندراج مین مال خانہ میں باقی کیس پراپرٹی کی وصولی کا پہلا ثبوت ہے؟

17۔کیا اس مقدمہ کی کیس پراپرٹی کے طور پر آپ کو بطور انچارج مالخانہ کوئی وٹک رقم دی گئی؟

18۔کیس پراپرٹی کے پارسلز آپ کے بیان کی ریکارڈنگ سے کتنی دیر قبل آپ کے حوالے کر دیے گئے تھے؟

19۔آپ نے تفتیشی کو اپنا بیان کس وقت ریکارڈ کروایا؟

20۔آپ نے تفتیشی کو اپنا بیان کس جگہ ریکارڈ کروایا تھانہ یا مالخانہ میں بیٹھ کر؟

21۔کیا 173 ضابطہ فوجداری کی رپورٹ کے گواہوں کے کیلنڈر میں آپ کا نام PW کے طور پر درج ہے؟

22۔آپ سے پہلے کون انچارج مالخانہ تعینات تھا؟

23۔آپ کے ساتھ اور کس پولیس ملازم نے تفتیشی کو اپنا بیان ریکارڈ کروایا تھا؟

24۔کیا یہ درست ہے کہ آپ کا نام محرر مین مالخانہ کے PW کے طور پر نہیں لیا گیا ہے؟

25۔کیا یہ درست ہے کہ سابقہ انچارج مالخانہ کا نام گواہوں کے کیلنڈر میں لکھا گیا ہے؟

26۔کیا یہ تجویز کرنا غلط ہے کہ نہ تو کیس پراپرٹی چرس کا کوئی سیل شدہ پارسل آپ کے حوالے کیا گیا اور نہ ہی آپ نے اسے مال خانہ صدر کی محفوظ تحویل میں رکھا۔

27۔کیا یہ درست ہے کہ روڈ سرٹیفکیٹ نمبر۔۔۔۔کا کالم نمبر 3 خالی ہے اور اس میں کوئی تاریخ اور وقت نہیں ہے جس پر باقی کیس پراپرٹی کے پارسل موصول ہوئے تھے؟

28۔کیا یہ کہنا غلط ہے کہ تھانے میں بیٹھ کر ساری کارروائی فرضی طور پر کی گئی؟

تیار کنندہ: سب انسپکٹر محمد اکرم نظامی

# چیک لسٹ منشیات کیس

منشیات کے مقدمات میں جوڈیشل فائل (چالان) اور پولیس فائل (مسل) کے ساتھ ذیل کا غذات کا عدالت بھجوایا جانا اشد ضروری ہے

## کاغذات چالان

1۔فارم چالان

2۔اصل تحریر استغاثہ

3۔نقل FIR

4۔نقشہ موقعہ نظری بلاسکیل جائے وقعہ

5۔ریمانڈ پیپرز

6۔شناخت سرٹیفکیٹ/ فارم 12

7۔اطلاع وارثان ملزم

8۔تصاویر جائے وقوعہ

9۔ویڈیو جائے وقوعہ/ برآمدگی

10۔نقل رپٹ ہائے روانگی/ واپسی مستغیث

11۔نقل رپٹ ہائے روانگی/ واپسی تفتیشی افسر

12۔نقل رپٹ ہائے PFSA روانگی/ واپسی

13۔نقل رپٹ ہائے مالخانہ روانگی/ واپسی

14۔اصل فرانزک رپورٹ PFSA

15۔کاپی رجسٹر 19

16۔کاپی روڈ سرٹیفکیٹ

17۔سلپ سزا

18۔بیانات گواہان

## کاغذات مسل

1۔انڈکس مسل+ضمنیات

2۔نقل FIR

3۔کاپی اصل تحریر استغاثہ

4۔کاپی نقشہ موقعہ نظری بلاسکیل جائے وقعہ

5۔کاپی ریمانڈ پیپرز

6۔کاپی شناخت سرٹیفکیٹ

7۔کاپی نقل رپٹ ہائے روزنامچہ

8۔کاپی رجسٹر 19

9۔کاپی روڈ سرٹیفکیٹ

10۔کاربن کاپی ضمنیات

11۔کاربن کاپی بیانات

i۔ گواہ فرد کا بیان

ii۔ گواہ استغاثہ کا بیان

iii۔ محرر تھانہ کے بیانات

iv۔ مستغیث کے بیانات

v۔ انچارج مال خانہ کا بیان